# ملّت ٹریکٹرز لمیٹڈ

# غیر معمولی اجلاس عام کی اطلاع

اطلاع دی جاتی ہے کہ ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ کا غیر معمولی اجلاس عام بروز بدھ، 30 اکتوبر، 2024ء دوپہر 12:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر 9 K.M شیخوپورہ روڈ، شاہدرہ، لاہور میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیئے منعقد ہوگا جس میں وڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کی سہولت بھی ہوگی۔

**A- عمومی امور**

1. 18 اکتوبر، 2024 کو منعقد ہونے والے 61 ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنے کیلئے۔
2. کمپنی کے سات بارہ ڈائریکٹروں کا تین سال کی مدت کیلئے انتخاب کرنا، ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز مندرجہ ذیل ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. جناب سکندر مصطفیٰ خان | 2. جناب سہیل بشیر رانا | 3. جناب لئیق الدین انصاری | 4. جناب قیصر سلیم |
| 5. جناب سعد اقبال | 6. جناب نصر الصمد قریشی | 7. جناب محمد جاوید رشید | 8. محترمہ امبرین وحید |

جیسا کہ بورڈ نے اپنے اجلاس منعقدہ 02 ستمبر، 2024 میں فیصلہ کیا ہے کہ منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹروں کی تعداد بارہ ہوگی اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ضابطہ 7A کی دفعات کے مطابق، ڈائریکٹروں کا انتخاب، مندرجہ ذیل طریقے سے منعقد کیا جائیگا:

| نمبر شمار | زمرہ | سیٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| 1. | آزاد بشمول خاتون ڈائریکٹر (ز) | 4 |
| 2. | دیگر ڈائریکٹرز | 8 |

**C. دیگر کوئی بھی امور:**

چیئر کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور:

بحکم بورڈ

محمد فیصل عظیم

کمپنی سیکریٹری

لاہور

09 اکتوبر، 2024

## نوٹس:

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 24 اکتوبر، 2024 تا 30 اکتوبر، 2024 (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی اور اس مدت کے دوران کوئی منتقلی قبول نہیں کی جائے گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کے دفتر میں 23 اکتوبر، 2024 کو کاروبار کے اختتام تک ہر لحاظ سے مکمل، موصول ہونے والے ٹرانسفرز، اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے مقصد کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔
2. اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر، کسی دوسرے شخص کو اجلاس میں شرکت کرنے کیلئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے، مؤثر ہونے کیلئے پراکسیز کو اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں باقاعدہ دستخط اور مہر شدہ، موصول ہو جانا چاہئے۔
3. ممبران، جنہوں نے اپنے شیئرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان میں جمع کرائے ہیں، انہیں مزید مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

**A. ذاتی حیثیت میں اجلاس میں شرکت:**

(i) افراد کے معاملے میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل CNIC / اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرنا کرے گا۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، اجلاس کے وقت بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی، نامزد شخص کے نمونے کے دستخط کیساتھ، پیش کیا جائے گا۔

**B. پراکسیوں کی تقرری:**

(i) افراد کے معاملے میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص، جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا ضرورت کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

(ii) بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں، پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جائیں گی۔

(iii) پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔

(iv) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کو مع نمونہ کے دستخط، کمپنی کو پیش کیا جائے گا۔

**4. ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے رضامندی داخل کرنا:**

ڈائریکٹر کا انتخاب لڑنے کا خواہشمند ممبر، اجلاس کی تاریخ سے چودہ (14) روز قبل کمپنی سیکریٹری کے پاس اسکے رجسٹرڈ آفس میں مندرجہ ذیل فراہم کریگا:

(i) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 (''CCG ریگولیشنز'')، جسے S.R.O.906(1)2023 مورخہ 7 جولائی، 2023 کے ذریعے متعارف کرایا گیا، کے ضابطہ 7A کے مطابق، ذیل میں بیان کردہ کسی ایک زمرے کا انتخاب کرتے ہوئے، جس میں وہ انتخاب لڑنے کا ارادہ رکھتا ہے، ایکٹ کی شق (3)159 کے تحت بطور ڈائریکٹر انتخاب کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس:

(a) آزاد ڈائریکٹر (b) خاتون ڈائریکٹر (c) دیگر ڈائریکٹر

(ii) کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کے ایکٹ کی شق 167 کے تحت کے فارم 9 کے ضمیمہ پر ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی، بشمول CNIC / پاسپورٹ، ٹیکس دہندہ رجسٹریشن سٹرٹیفکیٹ کی کاپی۔

(iii) **ذیل کے مطابق ہونے کا ایک ڈکلریشن:**

(a) لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کیلئے، تمام قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی تعمیل بشمول CCG ضوابط اور اہلیت کے معیار کی ضروریات کو محدود کئے بغیر، جیسا کہ ایکٹ کی شق 155 اور شق 156 میں بیان کیا گیا ہے۔

(b) کہ وہ ایکٹ یا کسی دوسرے قابل اطلاق قانون کی شق 153 اور 177 کے تحت کسی لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کیلئے نااہل نہیں ہے۔

(c) یہ کہ وہ بیک وقت سات (7) سے زیادہ لسٹڈ کمپنیوں میں بطور ڈائریکٹر بشمول ایک متبادل ڈائریکٹر کے طور پر، خدمات انجام نہیں دے رہا۔

(d) یہ کہ وہ کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے ایکٹ، اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ ریگولیشنز کے تحت ڈائریکٹر کے فرائض سے واقف ہے۔

(iv) SECP کے SRO1196(1)/2019 مورخہ 03 اکتوبر 2019 کے تحت مطلوب، آفیشل ایڈریس کیساتھ ایک تفصیلی پروفائل (کمپنی کی ویب سائٹ پر تعیناتی کیلئے)

(v) امیدواروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ڈائریکٹرز سے متعلق CCG ریگولیشنز کمپنیز ریگولیشنز، 2024، ایکٹ کے قابل اطلاق قوانین اور ضوابط میں بیان کردہ متعلقہ دفعات/ضروریات کو پڑھیں، اور اس پر اس کی روح کے مطابق تعمیل کو یقینی بنائیں۔

سیکشن (4)159 کے لحاظ سے مقابلہ کرنے والے ڈائریکٹرز کی فہرست اجلاس کی تاریخ سے سات (7) روز قابل جاری کی جائیگی، مزید یہ کہ کمپنی کی ویب سائٹ کو بھی متعلقہ معلومات کیساتھ اَپ ڈیٹ کیا جائیگا۔

5. SECP نے اپنی گائیڈ لائنز کے ذریعے کمپنیوں کو وڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی کا بھی بندوبست کرنے کی ہدایت کی ہے، اسی مناسبت سے، ہمارے قابل قدر شیئر ہولڈرز کی بہترین صحت کیلئے اور زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کیلئے، کمپنی نے اس EOGM میں شرکت کیلئے وڈیو لنک کی سہولت کی بھی انتظام کیا ہے، وڈیو لنک کے ذریعے EOGM میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے وہ اپنی درج ذیل تفصیلات ای میل cdcsr@cdcsrsl.com یا واٹس ایپ نمبر 0321-8200864 پر بھیج کر رجسٹر کرائیں۔

| فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر | کمپنی کا نام | موجود شیئر کی تعداد | نام | CNIC نمبر | سیل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ | | | | | |

وڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات ان شیئر ہولڈرز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی تمام درخواست کردہ تفصیلات مشتمل ای میلز، مندرجہ بالا ای میل ایڈریس پر بروز پیر مورخہ 28 اکتوبر، 2024 کو کاروباری اوقات کے اختتام (شام 5 بجے) سے قبل موصول ہوئی ہوں گی۔

### 6. وڈیو کانفرنس کی سہولت:

مندرجہ بالا ''نوٹ-4'' میں بیان کئے گئے تقاضوں اور انتظامات کو متاثر کئے بغیر کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 132 کے تقاضوں، ملا کر پڑھیں SECP سرکلر 10 بابت 2014، کو مدنظر رکھتے ہوئے، اگر کمپنی کو EOGM کی تاریخ سے کم از کم سات دن قبل، وڈیو کانفرنس کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) میں شرکت کرنے کیلئے، جغرافیائی محل وقوع پر رہنے والے مجموعی 10% یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی رضامندی حاصل ہوتی ہے، کمپنی اس شہر میں اس طرح کی سہولت سے مشروط، وڈیو لنک کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی، کمپنی EOGM کی تاریخ سے کم از کم 5 روز قابل وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں اور اس سہولت تک رسائی کیلئے درکار مکمل معلومات کیساتھ ممبران کو آگاہ کریگی۔

اگر آپ وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں، جیسا کہ اوپر دیا گیا ہے، تو براہ کرم درج ذیل کو پر کریں اور EOGM سے کم از کم 07 روز قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرائیں۔

میں/ہم، ______________ آف ______________ ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ کا ایک ممبر ہونے کے ناطے، حامل __________ آرڈینری شیئرز، بمطابق رجسٹر فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر __________ بذریعہ ہذا وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا ہوں/کرتے ہیں۔

### 7. خصوصی کاروباری قراردادوں پر پولنگ:

ممبران کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018، ترمیم شدہ بذریعہ SECP کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر SRO-2192(1)/2022 مورخہ 05 دسمبر، 2022، کے مطابق، SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ممبران کو خصوصی کاروبار کے طور پر درجہ بند تمام کاروباروں نیز ڈائریکٹروں کے انتخاب کی صورت میں، الیکٹرونک ووٹنگ کی سہولت اور بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کی سہولت فراہم کریں، اگر ایسے افراد کی تعداد جنہوں نے خود کو انتخاب کیلئے پیش کیا ہے، ایکٹ کی شق 159 کی ذیلی شق (1) کے تحت مقرر کردہ تعداد سے زیادہ ہے، اس کے مطابق، ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ کے ممبران کو آنے والے غیر معمولی اجلاس عام جو کہ بروز بدھ، مورخہ 30 اکتوبر، 2024 بوقت دوپہر 12:00 بجے منعقد ہونا ہے، ضروریات کے مطابق اور مذکورہ ضوابط میں شامل شرائط کے تابع، اپنے ووٹ کا حق بذریعہ ای ووٹنگ سہولت اور بذریعہ پوسٹ، استعمال کر سکیں گے، مزید تفصیلات مقررہ وقت پر شیئر کی جائیں گی۔

**کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (3)134 کے تحت اسٹیٹمنٹ**

### آزاد ڈائریکٹرز کی انتخاب:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق (3)166 کا تقاضا ہے کہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد سے بلائے گئے اجلاس عام کے نوٹس کیساتھ مادی حقائق کی بیان منسلک کیا جائے۔

مذکورہ بالا شق کے مطابق، آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائیگا، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 159 ملا کر پڑھیں ریگولیشن 7A بابت لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019، میں بیان کیا گیا ہے۔

کمپنی اس بابت کو یقینی بنائے گی کہ منتخب ہونے والے آزاد ڈائریکٹرز کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 166 اور اس کے تحت جاری کردہ ضوابط کے تحت، آزادی کیلئے مقرر کردہ معیار پر پورا اتریں اور ان کے نام پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیر انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں شامل ہوں۔